اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

بیرون ملک ضرورتاً فیضان مدینہ میں محفلِ نعت کے لئے اہل خانہ کو اسپیشل طور پر بتائے جانے والے مدنی پھول

کسی خوشی و غمی کے موقع پر فیضان مدینہ میں محفلِ نعت کا انعقاد کروانے سے پہلے غور کر لیا جائے کہ ان کے گھر کا کوئی فرد معاشرتی socially طور پر بدنام / عقائد اہلسنت کا مخالف / غیر جماعت کا رکن وغیرہ نہ ہو، ایسی صورت میں حکمت عملی سے نوعیت کو مد نظر رکھتے ہوئے منع کر دیا جائے، لیکن منع کرنے کی وجوہات ظاہر نہ کی جائیں ورنہ فتنے کا اندیشہ ہے۔

درج ذیل مدنی پھول میں سے حسب حال مدنی پھول اہل خانہ کو زبانی سمجھائے جائیں!

﴿1﴾ مائیک، ایکو ساؤنڈ، میگا فون کی اجازت نہیں ہو گی۔

﴿2﴾ ریکارڈنگ کرنے، مووی، تصاویر بنانے کی اجازت نہیں ہو گی۔

﴿3﴾ محفلِ نعت کا دورانیہ "محفلِ نعت کے شیڈول" کے مطابق ڈیڑھ گھنٹے ہو گا لہٰذا زیادہ نعتیں وغیرہ پڑھنے کا بے جا اصرار نہ کیا جائے۔

﴿4﴾ محفلِ نعت کا مکمل انعقاد تلاوت تا صلوۃ و سلام ہماری مقرر کردہ مبلغہ ہی کریں گی۔

﴿5﴾ مبلغہ کو رقم، تحفہ، ڈبل شیرینی، پارسل وغیرہ نہ دیا جائے۔

﴿6﴾ ڈھیروں اجر و ثواب حاصل کرنے کے لئے حسب توفیق تقسیم رسائل کا اہتمام کیا جا سکتا ہے۔

﴿7﴾ ایک ہفتہ قبل ہی محفلِ نعت کروانے کی اجازت ذمہ داران سے لی جائے۔

﴿8﴾ محفلِ نعت میں شریک ہونے ہونے والی رشتہ دار، پڑوسیوں وغیرہ پر انفرادی کوشش کر کے آئندہ اپنے ساتھ سنتوں بھرے اجتماع میں ضرور لے کر آئیے۔

﴿9﴾ محفلِ نعت کے آخر میں کھانے کا ارینج منٹ (شریعت و سنت کے آداب کے مطابق) کیا جا سکتا ہے

﴿10﴾ اگر اہل خانہ از خود قرآن خوانی کا کہیں تو اجازت دیدی جائے۔ لیکن آپ یہ پابند نہ کریں کہ "تجوید درست ہونے کی صورت میں ہی قرآن خوانی کروائیں۔" کیونکہ وہ خود ہی شریعت پر عمل کی پابند ہیں۔